| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ض' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی آواز، اس کے الفاظ (کوئی سے دو) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ' ا تا ض' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ض' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ض' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ض' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ض' ہے۔ یہ حروف تہجی کا بائیسواں حرف ہے۔ اس کی شکل ص جیسی ہے مگر اس کے اوپر ایک نقطہ آتا ہے۔ بچوں کو 'ض' کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ض' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ض کے ذخیرہ الفاظ (ضعیف، ضیافت اور ضائع) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ض' سے بہت کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ض' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں بچے حرف 'ض' میں انگلی سے رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ**<br>: بچوں سے حرف 'ض' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی یہ کون سے حرف کے بعد آتا ہے؟ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ، رنگ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ض' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی آواز، اس کے الفاظ بتا سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حرف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ض' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ض' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ض' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف: بچوں کو حرف 'ض' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ضعیف کو پانی پلائیں ڈھیروں اس کی لیں دعائیں<br>اکثر ان کے کام آئیں اللہ سے انعام پائیں<br>حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 52 کھولیں اور حرف ض پر انگلی پھیریے حرف 'ض' کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور 'ض' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی بچوں کے دو گروپس بنوائے جائیں گے پہلا گروپ ضعیف کی تصویر میں رنگ بھرے گا دوسرا گروپ حرف ض کی کٹ آؤٹس میں ہیں کریپ پیپر سے کولاج ورک کرے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 52 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ض' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>حرف ض کے گرد دائرہ بنانے کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ | | ورک شیٹ | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ' حرف 'ض' کو پہچان سکیں' ۔ اس کی آواز اور اس کے الفاظ بتاسکیں۔ | دہرائی:<br>حرف 'ض' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'ض' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ض' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ض' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ض' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک ضعیف آدمی اپنے گھر میں رہتا تھا۔ ایک دن وہ گھر گیا اور اس کو ضرب لگ گئی۔ اس کو دوائی کی اشد ضرورت تھی اس کے ساتھ والے گھر میں ضیافت تھی۔ ضعیف آدمی نے وہاں سے کچھ لوگوں کو مدد کے لیے بلایا۔ | 10 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو ایک ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں ایک طرف پانی ضائع ہونے کا منظر ہوگا اور دوسری طرف نلکا بند ہونے کا منظر ہوگا۔<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس منظر میں پانی ضائع ہو رہا ہے؟ بچوں سے اس منظر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ پانی استعمال کرنے کے بعد نلکا فوراً بند کر دینا چاہیے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، رنگ | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے ہوا میں 'ض' لکھوایا جائے گا اور ضائع کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ض‘ | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ض‘ کی پہچان کرسکیں‘۔اس کی صوتی اواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور بناوٹ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ض‘ کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف ’ض‘ کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے ’ض‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ض‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ض‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ض‘ سے شروع ہونے والے الفاظ کم ہیں بچوں سے کہا جائے گا کہ ہوا میں ’ض‘ کی شکل بنائیں اور بتائیں کہ اس کے اوپر کوئی نقطہ آتا ہے یا نہیں۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے حرف ’ض‘ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں سے کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 53 کھولا جائے بچوں کو بتایا جائے گا کہ انہیں حرف ’ض‘ تلاش کر کے اس میں رنگ بھرنا ہے۔بچوں سے ’ض‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | پلے ڈو کتاب صفحہ نمبر 53 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ضعیف، ضیافت اور ضائع کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ض' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی آواز،اس کے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحرف 'ض' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کران کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پرحرف 'ض' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پرحرف 'ض' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پرنگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ض' کی لکھائی کرائی جائے گی<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ض' پر پینسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈز<br>Sand Letters<br>کاپی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ض' کا درست تلفظ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ض' کی نشاندہی کرنے پر۔ |